
اردو | Urdu

شہری گھاس کے میدانوں میں آتشزدگی۔ محفوظ رہیں۔



گھاس میں لگنے والی آگ بہت تیزی سے شروع اور پھیل سکتی ہے۔

اگر آپ کسی شہر یا قصبے کے کنارے رہتے ہیں یا کام کرتے ہیں، تو ممکن ہے کہ آپ گھاس کے میدانوں، پارکوں، چراگاہوں یا جھاڑیوں والے علاقوں کے قریب ہوں، جہاں آگ تیزی سے پھیل سکتی ہے۔

اگر گھاس کی آگ بھڑک اٹھے، تو آگ سے کم از کم دو گلیاں پیچھے ہٹ جائیں۔

گھاس کے شہری میدانوں سے دو یا تین گلیاں دور رہتے ہیں اور وہاں گھاس کی آگ بھڑک اٹھے، تو جہاں ہیں وہی رہیں۔

گھاس کی آگ کا گنجان آباد علاقوں تک پھیلنے کا امکان کم ہوتا ہے۔

اگرآپ دھواں یا آگ دیکھیں تو گاڑی مت چلائیں۔

دھواں حدِ نگاہ کو کم کر دیتا ہے، اور سڑکیں بند ہو سکتی ہیں۔

ہنگامی امدادی خدمات کے لیے سڑکیں خالی رکھیں۔

تازہ معلومات کے لیے

VicEmergency App کو App Store یا Google Play سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

VicEmergency ہاٹ لائن
1800 226 226

ملاحظہ کریں **emergency.vic.gov.au**

اردو زبان میں مزید معلومات اور وسائل کے لیے ملاحظہ کریں: **cfa.vic.gov.au/Urdu** اور
frv.vic.gov.au/resources-in-languages-other-than-english